بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ماڈل امتحانی پرچہ جات

وفاق المدارس السلفیہ پاکستان

## وفاق المدارس السلفیہ پاکستان

## الشهادة العالیه

www.KitaboSunnat.com

ملنے کا پتہ فاروق الرحمن یزدانی

Ph: 0300-7602417
0323-7602417

جامعہ سلفیہ فیصل آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ
مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام
محدث لائبریری
کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com
library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

# اغراض ومقاصد

## وفاق المدارس السلفیہ

☆ قرآن وسنت پر مبنی دینی علوم کی تدریس کے سلسلہ میں سہولتیں بہم پہنچانا۔

☆ ملحقہ مدارس وجامعات کیلئے جامع نصاب تعلیم مرتب کرنا اور اسے عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا۔

☆ دینی مدارس وجامعات کو باہم مربوط ومتحد کرنا اور ایک نظم کا پابند کرنا۔

☆ ملحقہ مدارس وجامعات کے تمام تعلیمی مراحل (ثانویہ عامہ، ثانویہ خاصہ، عالیہ، عالمیہ، اور حفظ وتجوید وقراءات) کے امتحانات کا انعقاد کرنا اور کامیاب طلبہ کو اسناد جاری کرنا۔

☆ اہم موضوعات پر علمی وتحقیقی مقالات اور کتب تیار کروانا اور ان کی طباعت کا اہتمام کرنا۔

☆ اساتذہ کیلئے تربیتی کورسز کا اہتمام کرنا اور طلبہ کی اصلاح وترتیب کیلئے اقدام کرنا۔

☆ ذہین اور محنتی طلبہ کی اعلیٰ تعلیم کیلئے ملکی اور غیر ملکی جامعات میں سکالرشپ کے حصول کیلئے کوشش کرنا۔

☆ دینی مدارس وجامعات کی تاسیس کے مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے مسلسل اور موثر اقدامات کرنا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمان الرحیم

وفاق المدارس السلفیہ پاکستان — المادہ: التفسیر واصولہ(طلبہ)

امتحان الشهادة العالية فی العلوم العربية والاسلامية — ماڈل پرچہ

الزمن: 30دقیقة — الدرجات: 30

---

**السوال الاول**: مختصر جواب دیں۔ 30=7×2

i "فطلقوهن لعدتهن" کا معنی بتائیں۔

ii "یا ایها النبی إذا طلقتم النساء" میں خطاب آپ ﷺ کے لیے خاص ہے یا کہ امت کے لیے ہے؟

iii "واحصوا العدة" کا معنی بتائیں۔

iv "إلا أن یأتین بفاحشة مبینة" امام شافعی کے نزدیک فاحشہ کا کیا معنی ہے؟

v "لعل الله یحدث بعد ذلک امراً" "أمراً" کا معنی ذکر کریں۔

vi "واشهدوا ذوی عدل منکم" کس چیز پر گواہ مقرر کرنا ہے، دو قول نقل کریں۔

vii آیسہ عورت کی عدت کتنی ہے؟

**السوال الثانی**: درج ذیل کے صحیح جوابات پر ( ) اور غلط جواب پر ( ) کا نشان لگائیں۔ 30=8×2

i مکی اور مدنی سورتوں کی راجح تفسیر یہ ہے کہ مدنی وہ سورتیں ہیں جو مدینہ میں نازل ہوئیں اور مکی وہ سورتیں ہیں جو مکہ میں نازل ہوئیں۔

ii مکی اور مدنی سورتوں کی تفسیر میں علماء کی چار آراء ہیں۔

iii مکی اور مدنی سورتوں کی پہچان میں علماء نے دو اساسی منہجوں پر اعتماد کیا ہے: 1۔المنهج السماعی النقلی 2۔المنهج القیاسی الاجتهادی

iv من ضوابط المدنی و ممیزاته الموضوعية: کل سورة فیها فریضة فهی مدنیة

v من ضوابط المکی و ممیزاته الموضوعية: کل سورة فیها سجدة فی مکیة

vi من فوائد العلم بالمکی والمدنی: الاستعانة فی تفسیر القرآة

vii من فوائد العلم بالمکی والمدنی: الوقوف علی سیرة الصحابة رضی الله عنهم

viii من ممیزات الموضوعية فی السور المکية: بیان العبادات والمعاملات، والحدود، و نظام الأمور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمان الرحیم

وفاق المدارس السلفیہ باکستان — المادہ: التفسیر واصولہ(طلباء)

امتحان الشہادۃ العالیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ — ماڈل پرچہ

الزمن: $2\frac{1}{2}$ساعات — الدرجات: 70

---

نوٹ: پہلے حصہ سے تین اور دوسرے حصہ سے مکمل سوالات کے جوابات دیں۔

## حصہ اول

**السوال الثالث:** درج ذیل آیت کا ترجمہ کریں۔ آیت سے مستنبط مسائل ذکر کریں، نیز جن مسائل میں اختلاف ہے، اختلاف ذکر کرتے ہوئے راجح قول ذکر کریں۔

﴿أَسْكِنُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنتُم مِّن وُجْدِكُمْ وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ وَإِن كُنَّ أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتَّى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُم بِمَعْرُوفٍ وَإِن تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَى (٦) لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا سَيَجْعَلُ اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا(٧)﴾

**السوال الرابع:** نیل المرام کے مؤلف کے انداز میں درج ذیل آیت کی تشریح کریں۔

﴿وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَا إِلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ﴾

**السوال الخامس:** درج ذیل آیت کا ترجمہ وتشریح کرتے ہوئے حاملہ عورت کی عدت کی وضاحت کریں اور اس میں فقہاء کا اختلاف مع راجح قول ذکر کریں۔

﴿وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا﴾

**السوال السادس:** نیل المرام کے مؤلف کے انداز میں درج ذیل آیت کی تشریح کریں۔

﴿وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ﴾

## حصہ دوم

**السوال السابع:** قسط وار (تھوڑا تھوڑا کرکے) قرآن مجید کے نازل کرنے میں کیا حکمتیں پنہاں ہیں، ان میں سے تین پر مفصل نوٹ لکھیں۔

**السوال الثامن:** درج ذیل مفسرین میں سے دو پر مختصر نوٹ لکھیں۔

الزمخشری۔ الطبری۔ فخر الدین رازی۔ الشوکانی

**السوال التاسع:** مفہوم کی تعریف کریں، نیز مفہوم کی دونوں قسموں کی مکمل وضاحت مع امثلہ بیان کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمان الرحیم

وفاق المدارس السلفیہ باکستان — المادہ: تفسیر و أصوله

امتحان شهادة العالية فى العلوم العربية والاسلامية — ماڈل پرچہ

الزمن: 30دقيقة — ﴿للطالبات﴾ — الدرجات: 30

---

## حصہ معروضی

**السوال الاول**: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔ 2×14=30

۱ ﴿فطلقوهن لعدتهن﴾ کا معنی بتائیں۔

۲ ﴿يا ايها النبى إذا طلقتم النساء﴾ میں خطاب آپ ﷺ کے لیے خاص ہے یا کہ امت کے لیے ہے؟

۳ ﴿واحصو العدة﴾ کا معنی تحریر کریں۔

۴ ﴿إلا أن يأتين بفاحشة مبينة﴾ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک یہاں فاحشہ کا کیا معنی ہے؟

۵ ﴿لعل الله يحدث بعد ذلك أمرا﴾ ''أمرا'' کا معنی ذکر کریں۔

۶ ﴿وأشهدو ذوى عدل منكم﴾ کس چیز پر گواہ مقرر کرنا ہے، دو قول نقل کریں۔

۷ آیسہ عورت کی عدت کتنی ہے؟

**السوال الثانی**: درست جواب پر ☑ اور غلط جواب پر ☒ کا نشان لگائیں۔ 2×16=30

۱ مکی اور مدنی سورتوں کی راجح تفسیر یہ ہے کہ مدنی سورتیں وہ ہیں جو مدینہ میں نازل ہوئی اور مکی وہ سورتیں ہیں جو مکہ میں نازل ہوئیں۔

۲ مکی اور مدنی سورتوں کی تفسیر میں علماء کی چار آراء ہیں۔

۳ مکی اور مدنی سورتوں کی پہچان میں علماء نے دو اساسی منہجوں پر اعتماد کیا ہے۔ ۱۔المنہج السماعی النقلی ۲۔المنہج القیاسی الاجتہادی

۴ من ضوابط المدنى و مميزاته الموضوعية: كل سورة فيها مرتضه أو حد فهى مدنية

۵ من ضوابط المكى و مميزاته الموضوعية: كل سورة فيها سجدة فهى مكية

۶ من فوائد العلم بالمكى والمدنى: الاستعانة به فى تفسير القرآن

۷ من فوائد العلم بالمكى والمدنى: الوقوف على سيرة الصحابة رضى الله عنهم

۸ من مميزات الموضوعية فى السور المكية: بيان العبادات والمعاملات والحدود و نظام الأسرة

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وفاق المدارس السلفیہ پاکستان — المادہ: تفسیر و أصولہ

امتحان الشهادة العالية فی العلوم العربية والاسلامية — ماڈل پرچہ

الزمن: $2\frac{1}{2}$ ساعات — ﴿للطالبات﴾ — الدرجات: 70

---

نوٹ: پہلے حصے سے تین اور دوسرے حصہ سے دو سوالوں کے جواب دیں۔

## حصہ اول

**السوال الثالث:** درج ذیل آیت کا ترجمہ کریں۔ آیت سے مستنبط مسائل ذکر کریں، نیز جن مسائل میں اختلاف ہے، اسے ذکر کرتے ہوئے راجح قول ذکر کریں۔ ﴿أَسْكِنُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِنْ وُجْدِكُمْ وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ وَإِنْ كُنَّ أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنْفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتَّى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوفٍ وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَى (٦) لِيُنْفِقْ ذُو سَعَةٍ مِنْ سَعَتِهِ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنْفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا سَيَجْعَلُ اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا(٧)﴾

**السوال الرابع:** نیل المرام کے مؤلف کے انداز میں درج ذیل آیت کی تشریح کریں۔

﴿وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ﴾

**السوال الخامس:** مندرجہ ذیل عبارت کا ترجمہ کریں، نیز بتائیں کہ عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ میں مسلمانوں کا کیا عقیدہ ہے؟

"(إِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَى إِنِّي مُتَوَفِّيكَ) قَابِضُكَ (وَرَافِعُكَ إِلَيَّ) مِنَ الدُّنْيَا مِنْ غَيْرِ مَوْتٍ (وَمُطَهِّرُكَ) مُبْعِدُكَ (مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ) صَدَّقُوا بِنُبُوَّتِكَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَالنَّصَارَى (فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُوا) بِكَ وَهُمُ الْيَهُودُ يَعْلُونَهُمْ بِالْحُجَّةِ وَالسَّيْفِ (إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ) مِنْ أَمْرِ الدِّينِ (فَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَأُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا فِي الدُّنْيَا) بِالْقَتْلِ وَالسَّبْيِ وَالْجِزْيَةِ (وَالْآخِرَةِ) بِالنَّارِ (وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ) مَانِعِينَ مِنْهُ"

**السوال السادس:** درج ذیل عبارت کا ترجمہ و تشریح کریں۔

"(وَ) اذكر (إِذِ اسْتَسْقَى مُوسَى) أَيْ طَلَبَ السُّقْيَا (لِقَوْمِهِ) وَقَدْ عَطِشُوا فِي التِّيهِ (فَقُلْنَا اضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ) وَهُوَ الَّذِي فَرَّ بِثَوْبِهِ خَفِيفٌ مُرَبَّعٌ كَرَأْسِ الرَّجُلِ رُخَامٌ أَوْ كَذَّانٌ فَضَرَبَهُ (فَانْفَجَرَتْ) انْشَقَّتْ وَسَالَتْ (مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا) بِعَدَدِ الْأَسْبَاطِ (قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ) سِبْطٍ مِنْهُمْ (مَشْرَبَهُمْ) مَوْضِعَ شُرْبِهِمْ فَلَا يَشْرَكُهُمْ فِيهِ غَيْرُهُمْ وَقُلْنَا لَهُمْ (كُلُوا وَاشْرَبُوا مِنْ رِزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ) حَالٌ مُؤَكِّدَةٌ لِعَامِلِهَا مِنْ عَثِيَ بِكَسْرِ الْمُثَلَّثَةِ أَفْسَدَ"

## حصہ دوم

**السوال السابع:** قسط وار (تھوڑا تھوڑا کر کے) قرآن مجید کے نازل کرنے میں کیا حکمتیں پنہاں ہیں، ان میں سے تین پر مفصل نوٹ لکھیں۔

**السوال الثامن:** درج ذیل مفسرین میں سے دو پر مختصر نوٹ لکھیں۔

الزمخشری۔ الطبری۔ فخر الدین الرازی۔ الشوکانی

**السوال الثامن:** مفہوم کی تعریف کریں، نیز مفہوم کی دونوں قسموں کی مکمل وضاحت مع امثلہ بیان کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمان الرحیم

وفاق المدارس السلفیہ باکستان — المادہ: الحدیث النبوی

امتحان الشهادة العالية فی العلوم العربية والاسلامية — ماڈل پرچہ

الزمن: 3ساعات — الدرجات: 100

## الجزء الاول(الحديث)

**نوٹ**۔پانچ سوالات حل کریں۔

**السوال الاول**: عـن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه و سلم قال :يغسل الإناء إذا ولغ فيه الكلب سبع مرات أولاهن أو أخراهن بالتراب وإذا ولغت فيه الهرة غسل مرة . هذا حديث حسن صحيح. وفي الباب عن عبد الله بن مغفل

مندرجہ بالا حدیث کا ترجمہ کرتے ہوئے درج ذیل سوالات کے جوابات ذکر کریں۔ 16

أ امام ترمذی رحمہ اللہ اس حدیث سے کیا مسئلہ ثابت کرنا چاہتے ہیں؟

ب خط کشیدہ الفاظ پر اعراب لگائیں۔

ج ''وفي الباب عن عبد الله بن مغفل'' سے کیا مراد ہے؟

د ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا مکمل نام ذکر کریں۔

**السوال الثانی**: باب المعتكف يخرج لحاجته أم لا ؟ عن عروة و عمرة عن عائشةأنها قالت كان رسول الله صلى الله عليه و سلم إذا اعتكف أدنى إلي رأسه فأرجّله و كان لا يدخل البيت إلا لحاجة الإنسان .هذا حديث حسن صحيح

مندرجہ بالا حدیث کا ترجمہ کریں اور درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔ 15

أ عمرۃ کے والد کا نام ذکر کریں۔

ب امام ترمذی رحمہ اللہ کے قول ''حسن صحیح'' سے کیا مراد ہے؟

ج محل استشهاد ذکر کریں۔

د امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ مسئلہ کس کتاب کے تحت ذکر کیا ہے؟

**السوال الثالث**: مندرجہ ذیل سوالات کے جامع ترمذی کی روشنی میں جواب دیں۔ 15

أ طہارت کے آداب میں سے تین آداب تحریر کریں

ب پانچ اونٹوں میں کتنی زکاۃ ہے؟

ج مسواک کرنے کے دو مسنون اوقات تحریر کریں۔

د نماز جنازہ کا طریقہ لکھیں۔

**السوال الرابع**: مندرجہ ذیل مسائل میں راجح مسلک کی نشاندہی کریں، نیز امام ترمذی رحمہ اللہ کا نقطہ نظر بھی ذکر کریں۔ 15

أ فاتحہ خلف الامام۔

ب حلالہ کرنا یا کروانا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج بچی کی رضامندی کے بغیر اس کا نکاح کرنا۔

د چاندی کی انگوٹھی پہننا (مرد کے لیے)۔

**السوال الخامس**: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ذکر کریں۔ 15

أ حج کی اقسام ذکر کریں۔

ب نبی ﷺ نے کون سا حج کیا تھا؟

ج اگر کھانا کھاتے ہوئے لقمہ گر جائے تو کیا کرنا چاہیے؟

د دجال مدینہ منورہ میں کیوں داخل نہیں ہو سکے گا؟

ہ عیسیٰ علیہ السلام دجال کو کس مقام پر قتل کریں گے؟

**السوال السادس**: قال الترمذي: باب ماجاء في الفيء. عن مالك بن أوس بن الحدثان قال سمعت عمر بن الخطاب يقول: كانت أموال بنى النضير مما أفاء الله على رسوله مما لم يوجف المسلمون عليه بخيل ولا ركاب. وكانت لرسول الله صلى الله عليه و سلم خالصا وكان رسول الله صلى الله عليه و سلم يعزل نفقة أهله سنة ثم يجعل ما بقى فى الكراع والسلاح عدة فى سبيل الله. 15

مندرجہ بالا باب اور حدیث کا ترجمہ کرتے ہوئے ذیل میں دیے گئے سوالات کے جواب دیں۔

أ خط کشیدہ الفاظ پر اعراب لگائیں۔

ب بنو نضیر کا تعلق کس مذہب سے تھا؟

ج محل استشہاد ذکر کریں۔

د مال فیٔ کی تعریف کریں۔

## الجزء الثاني (مصطلح الحديث)

**نوٹ**: دو سوالات کے جواب دیں۔

**السوال الاول**: درج ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں۔ 12

المتواتر، المعضل، المشهور، المختلف

**السوال الثاني**: غلط صحیح کا انتخاب کریں۔ 13

أ صحیح بخاری میں تمام معلقات صحیح ہیں ب انما الاعمال بالنیات غریب حدیث کی مثال ہے

ج صحیح بخاری میں کل چھ ہزار احادیث ہیں

**السوال الثالث**: درج ذیل سوالات کے جواب ذکر کریں۔ 13

أ مراتب صحیح میں سے تین ذکر کریں۔ ب ماہرین علل حدیث میں سے دو محدثین کے نام تحریر کریں

ج امام ترمذی حسن صحیح سے کیا مراد لیتے ہیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمان الرحیم

وفاق المدارس السلفیہ باکستان — المادہ : الفقہ واصولہ

امتحان شھادۃ العالیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ — ماڈل پرچہ

الزمن: 3 ساعات — الدرجات: 100

**نوٹ: نیچے دے گئے تینوں سوالات کا جواب دیں ہر سوال کے 10 نمبر ہیں کل نمبر 30 ہیں۔**

**سوال نمبر 1۔ غیر سبیلین سے خروج نجاست سے نقض طھارت کا حکم بمع اقوال ودلائل تحریر کریں۔**

سوال نمبر 2۔ درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جزء کا جواب تحریر کریں۔

(ا) نیچے دی گئی عبارت کی کتاب الھدایہ کی روشنی میں وضاحت کریں۔

"ان الخف عهد مانعا ولوجوزناه بحدث سابق كان رافعا"

(ب) ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نجاست خفیفہ اور غلیظہ کا ضابطہ بمع مثال تحریر کریں۔

**سوال نمبر 3۔ درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جزء کا جواب لکھیں۔**

(ا) بھول کر کھاپی لینے سے روزے کی قضا کا حکم بمع اقوال ودلائل تحریر کریں۔

(ب) حج کی اقسام لکھیں نیز کون ساحج افضل ہے علماء کے اقوال، دلائل اور راجح قول لکھیں۔

**حصہ دوئم**

**نوٹ: نیچے دی گئی درست اور غلط عبارات الگ الگ لکھیں۔ ہر جز کا ایک نمبر ہے کل نمبر 16 ہیں۔**

(1) نجاست خفیفہ کی معفوعنہ مقدار ایک درھم ہے۔ (2) امام محمدؒ کے نزدیک نجاست مرئیہ کو پانی سے دھونا لازمی ہے۔ (3) احناف کے ہاں غسل کے تین فرائض ہیں۔ (4) امام حنیفہؒ کے نزدیک نماز کے پانچ فرائض ہیں۔ (5) امام شافعیؒ کے ہاں تیمم کے لیے مٹی کا صرف پاک ہونا ضروری ہے۔ (6) امام حنیفہؒ کے نزدیک گوبر نجاست خفیفہ ہے۔ (7) احناف کے ہاں مرد اور عورت کے رکوع کی کیفیت مختلف ہے۔ (8) امام شافعیؒ کے نزدیک تنفل امام کی اقتداء میں مفترض کی نماز درست ہے۔ (9) امام ابویوسفؒ وتر کو واجب قرار دیتے ہیں۔ (10) احناف کے نزدیک سجدہ تلاوت ہر آیت تلاوت کرنے اور سننے والے پر لازم ہے۔ (11) احناف کے ہاں عمداً زکاۃ کی ادئیگی میں تاخیر درست ہے۔ (12) تمام فقہاء پانچ وسق غلے پر زکاۃ کی ادائیگی پر متفق ہیں۔ (13) روزے دار کے لیے احناف کے ہاں رات کو نیت کرنا لازمی ہے۔ (14) امام شافعیؒ کے ہاں عمداً روزہ توڑنے والے پر کفارہ لازم ہے خواہ عمداً کھانے پینے سے توڑے یا جماع سے۔ (15) ہر حاجی کے لیے میقات سے احرام باندھنا اور خوشبو لگانا لازمی ہے۔ (16) حج میں صفا مروہ کی سعی لازمی نہیں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## حصہ سوئم

نوٹ: درج ذیل سوالات کے زیادہ سے زیادہ دو سطروں پر مشتمل مختصر جوابات دیں ہر سوال کے 2 نمبر ہیں کل 30 نمبر ہیں۔

(1)امام شافعیؒ کا غیر سبیلین سے نقض طہارت کا نظریہ لکھیں؟(2)احناف کے ہاں عورت کے رفع الیدین کا طریقہ تحریر کریں؟(3) مسح راس کی فرض مقدار میں احناف کیا کہتے ہیں؟ (4)ابو محذورہؓ سے دوہری اذان ثابت ہے احناف اس کی کیا تاویل کرتے ہیں؟(5)امام محمدؒ کے نزدیک ماء مستعمل کسے کہتے ہیں؟(6)ماء جاری کسے کہتے ہیں؟(7)حدیث "الاذنان من الراس" کا کیا مطلب ہے؟ (8)امام ابو یوسفؒ کے نزدیک کس قسم کی جراب پر مسح جائز ہے؟(9)نماز عید کے درمیان وضوء ٹوٹ جائے تو امام حنیفہؒ کے نزدیک کیا کرے؟(10)دوران سال نصاب زکاۃ اگر نصاب سے کم ہو جائے تو زکاۃ کب دی جائے گی؟(11)احناف کے ہاں بچے کے مال پر زکاۃ کیوں لازم نہیں؟(12)حجر اسود کے استیلام کا طریقہ کار تحریر کریں؟(13)دوران حج مرد اور عورت کے محظورات حج میں کیا فرق ہے؟(14)احناف اور امام شافعیؒ کے نزدیک احصار کی تعریف کریں؟(15)احناف کے ہاں صدقہ فطر کی ادائیگی کا وقت کون سا ہے؟

## اصول شاشی

**نوٹ: کوئی سے دو سوال حل کریں۔ ہر سوال کے 12 نمبر ہیں کل نمبر 24 ہیں۔**

سوال نمبر 1۔ مخصوص عنہ البعض کا حکم مع تعلیل تحریر کریں۔

سوال نمبر 2۔ حقیقی معنی چھوڑنے کے اسباب مع امثلہ لکھیں۔

سوال نمبر 3۔ کیا امر تکرار کا تقاضا کرتا ہے اصول شاشی کی روشنی میں وضاحت کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وفاق المدارس السلفیہ پاکستان
امتحان الشهادة العالية فی العلوم العربية و الاسلامية
الزمن: 3 ساعات

المادہ: شرح ابن عقیل
ماڈل پرچہ
الدرجات: 100

---

## حصہ اول

**نوٹ:** تمام سوالات حل کرنا ضروری ہیں۔

**السوال الاول:** درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیں۔ 35=5×7

i تمیز کی تعریف لکھیں۔
ii مستثنیٰ مفرغ کسے کہتے ہیں۔
iii حروف جارہ شبیہ بالزوائد سے کیا مراد ہے؟
iv اضافت لفظی اور معنوی میں کیا فرق ہے؟
v اسم فاعل اور صفت مشبہ میں کیا فرق ہے؟
vi فعولۃ کس باب کا مصدر آتا ہے؟
vii معمول سببی کسے کہتے ہیں؟

**السوال الثانی:** درست اور غلط جملے الگ الگ لکھیں۔ 20=2×10

i مضاف، مضاف الیہ میں مضاف مقصود بالذات ہوتا ہے۔
ii اضافت معنوی کی غرض جملے کا اختصار ہوتا ہے۔
iii صفت مشبہ کا وزن فاعل کے وزن پر بھی آجاتا ہے۔
iv ''حبذا'' تعجب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
v اجمع، اکتع ہمیشہ نفس اور عین کے بعد ہی استعمال ہوتے ہیں۔
vi علم اور وصف ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے۔
vii فعل تعجب معروف باللام ''من'' کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
viii توابع کی تعداد 8 ہوتی ہے۔
ix استغاثہ اور استعانہ ایک ہی اصطلاح کے دو نام ہیں۔
x غیر منصرف پر بھی کسرہ نہیں آسکتا۔

## حصہ دوم

**نوٹ:** کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیں۔ 45=15×3

**السوال الثالث:** درج ذیل شعر با اعراب، با ترجمہ لکھیں اور سیر حاصل تشریح کریں۔

كالشبه الوضعي في اسمي جئتنا    والمعنوي في متى و في هنا
وكنيابة عن الفعل بلا    تأثر وكافتقار أصلا

**السوال الرابع:** صلہ واقع ہونے والے جملے کی شروط بمع امثلہ تحریر کریں۔

**السوال الخامس:** ''ما'' اور ''لا'' کی ''لیس'' جیسا عمل کرنے کی شروط تحریر کریں۔

**السوال السادس:** فعل کا مونث لانا اور مفعول کا فاعل سے موخر کرنا کب واجب ہوتے ہیں۔ مثالوں سے واضح کریں۔

**السوال السابع:** درج ذیل اشعار با اعراب ترجمہ لکھیں اور مفہوم واضح کریں۔

إن مضمر سابق فعلا شغل    عنه بنصب لفظه او المحل
فالسابق انصبه بفعل اضمرا    حتما موافق لما قد أظهر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمان الرحيم

وفاق المدارس السلفیہ پاکستان — الماده: الأدب و الإنشاء

امتحان شهادة العالية فی العلوم العربية و الاسلامية — ماڈل پرچہ

الزمن: 3ساعات — الدرجات: 100

---

نوٹ۔تمام سوالات حل کرنا ضروری ہیں۔

## البلاغة (حصہ اول)

**السوال الاول:** کوئی سے دو سوالوں کے جواب دیں۔ 20=10×2

i تشبیہ کی اقسام کی تعریفات بمع امثلہ تحریر کریں۔

ii استعارہ تصریحیہ، مکنیہ، اصلیہ اور تبعیہ کی تعریفات لکھیں۔

iii استعارہ تمثیلیہ اور تشبیہ تمثیل میں کیا فرق ہے، مثال سے واضح کریں۔

**السوال الثانی:** درج ذیل اشعار میں موجود استعارہ جات کی وضاحت کریں۔ 20=5×4

أ اذا ما صافح الاسماع يوماً — تبسمت الضمائر والقلوب

ب واقبل يمشی فی البساط فما دری — الی البحر يسعی ام الی البدر يرتقی

ج يسو دون التحية من بعيد — الی قمر من الايوان باد

د ومن يک ذا فم مر مريض — يجد مرا به الماء الزلالا

**السوال الثالث:** صحیح اور غلط جملے الگ الگ لکھیں۔ 10=5×2

i تشبیہ کے 5 ارکان ہوتے ہیں۔

ii تشبیہ کی 5 اقسام ہیں۔

iii تشبیہ ضمنی میں مشبہ مشبہ بہ بطور اشارہ ذکر کیے جاتے ہیں۔

iv تشبیہ مقلوب میں مشبہ کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

v مجاز لغوی اور مجاز مرسل دو علیحدہ علیحدہ اصطلاحات ہیں۔

## متنبی (حصہ دوم)

**السوال الرابع:** کوئی سے دو سوالوں کے جواب دیں۔ 16=8×2

i اشعار با اعراب، با ترجمہ لکھیں۔

القلب اعلم يا عذول بدائه — واحق منک بجفنة وبمائه

فومن احب لا عصينک فی الهوی — قسما به و بحسنه و بهائه

ii اشعار کا ترجمہ اور تشریح کریں۔

إنی لأعلم واللبيب خبير — ان الحياة وإن حرصت غرور

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



ورايت كلا ما يعلل نفسه بتعلة والى الفناء يصير

iii درج ذیل اشعار بااعراب، باترجمہ لکھیں، نیز بتائیں یہ اشعار متنبی نے کب کہے؟

لغد المشرفيهة والعوامى وتقتلنا المنون بلا قتال

و ترتبط السوابق مقربات وما ينجين من خبب الليامى

**السوال الخامس:** کوئی سے دوسوالوں کے جواب دیں۔ 9=4.5×2

i دیوان متنبی سے کوئی سے دواشعار بااعراب تحریر کریں۔

ii درج ذیل الفاظ کا ترجمہ لکھیں۔"الصوارم، الغدائر، الجنادل، المنون، المهندا، العواذل"

iii سیف الدولہ کون تھا، مکمل تعارف لکھیں۔

## مفتاح الانشاء (حصہ سوم)

**السوال السادس:** کوئی سے دوسوالوں کے جواب دیں۔ 16=8×2

i عربی میں ترجمہ کریں۔

۱ اس کالج میں طلبہ مفت تعلیم پاتے ہیں۔ ۲ میں ایک گھنٹے سے آپ کا انتظار کر رہا ہوں۔

۳ ہماری مسلح افواج وطن کا دفاع کرتی ہیں۔ ۴ میں بس پر سوار ہوتا ہوں۔

ii 1 سے لیکر 19 تک عدد معدود کے قواعد تحریر کریں۔

iii درج ذیل عنوانات میں سے ایک پر 20 سطروں پر مشتمل عربی میں مقالہ تحریر کریں۔

أ۔ لما ذا نتعلم اللغة العربية ب۔ صفات نبينا محمد ﷺ

**السوال السابع:** کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیں۔ 9=3×3

i ترجمہ کریں: "كان رسول الله ﷺ جودا كريما صبورا شكورا عفوا عطوفا فطنا ذكيا صائب الراى"

ii 50000 اور 2180 کی عربی تحریر کریں۔

iii دوعدد عربی ضرب المثل لکھیں اوران کا مطلب واضح کریں۔

iv اشعار کا ترجمہ کریں:

فوا عجبا كيف يعصى الا له ام كيف يجحده الجاحد

ولله فى كل تحريكة وتسكينة ابدا شاهد

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمان الرحیم

وفاق المدارس السلفیہ پاکستان — المادہ: البلاغہ(طالبات)

امتحان شہادۃ العالیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ — ماڈل پرچہ

الزمن: 3ساعات — الدرجات: 100

---

نوٹ۔تمام سوالات حل کرنا ضروری ہیں۔

**السوال الاول**: کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیں۔ 30=10×3

i فصاحت اور بلاغت کی تعریف کریں، نیز بلاغت کے مراتب تحریر کریں۔

ii تشبیہ کی تعریف کریں اور ادات تشبیہ کے حذف کی صورتیں بمع امثلہ تحریر کریں۔

iii مجاز لغوی اور مجاز عقلی کے مابین مثال سے فرق کریں اور ارکان استعارہ لکھیں۔

iv کنایہ کسے کہتے ہیں، نیز اس کی تین اقسام بمع امثلہ تحریر کریں۔

v کتاب تسہیل البلاغۃ کی روشنی میں اغراض خبر مفصل تحریر کریں۔

**السوال الثانی**: کوئی سے چھ سوالوں کے جواب دیں۔ 30=5×6

i علم بیان کی تعریف لکھیں

ii دلالت تضمنی کیا ہوتی ہے؟

iii تشبیہ بلیغ قوی کیوں ہوتی ہے؟

iv مشبہ کے امکان کا کیا مطلب ہے؟

v قرینہ کسے کہتے ہیں۔

vi وجہ شبہ سے کیا مراد ہے؟

vii ترشیح سے کیا مراد ہے؟

viii مجاز مرکب کا کیا مطلب ہے؟

**السوال الثالث**:امثلہ ذیل میں مجاز عقلی کی صورتوں کی نشاندہی کریں۔ 24=4×6

i لا عاصم الیوم من امر اللہ الا من رحم

ii ذهبنا الی حدیقة غناء

iii لیل الزاهد قائم

iv یذبح ابناء هم

v بنی اسماعیل کثیرا من المدارس بمصر

vi تکاد عطایاه یجن جنونها

**السوال الرابع**: درست اور غلط جملے الگ الگ کریں۔ 16=2×8

i وجہ شبہ اگر حسی ہو تو مشبہ مشبہ بہ کا حسی ہونا ضروری ہے۔

ii مرکب اعتباری وہ وجہ شبہ ہے جس میں وجہ شبہ حقیقۃ چند امور کا مجموعہ ہو۔

iii لازم وملزوم کے درمیان واسطوں کا نہ ہونا تلویح کہلاتا ہے۔

iv وہ خبر جس کے مخبر بہ کے ثبوت کا مخاطب انکار کرے، خبر انکاری کہلاتی ہے۔

v اسم اشارہ کسی شی وشخص کو غیر سے ممتاز کرتا ہے۔

vi انشاء کی دو قسمیں طلبی اور غیر طلبی ہیں۔

vii دو امور کے درمیان برابری کو تجنیس کہتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

سالانہ امتحانات **وفاق المدارس السلفیہ پاکستان** **مضمون : الفرائض**

**مرحلہ : العالیۃ** **وقت : تین گھنٹے**

**نوٹ** : امیدوار صرف پانچ سوالات حل کریں۔ کل نمبر 100 رول نمبر..........................

**سوال نمبر : 1** ردّ کی تعریف کریں ،اس میں علماء کا اختلاف بتائیں نیز ردّ کے مسائل کی صورتیں مع امثلہ تحریر کریں۔

**سوال نمبر : 2** ترکہ سے متعلق حقوق بالترتیب اور مع دلائل ذکر کریں۔

**سوال نمبر : 3** : وراثت میں بیٹی ، جدہ اوراخیافی بہن بھائیوں کے احوال لکھیں (ان کو کیا ملتا ہے؟ کب ملتا ہے؟اور کب نہیں ملتا ہے؟

**سوال نمبر : 4** ایک آدمی فوت ہوا اس کے ورثاء ایک بیوی ، والد، نانی اور ایک پوتی ہیں ، کل ترکہ ﴿96000﴾ روپیہ ہے ہر ایک کا حصہ مسئلہ بنا کر واضح کریں۔

**سوال نمبر : 5** حامد فوت ہوا اس کے ورثاء ایک بیوی، والدہ، والدا اور دو بیٹیاں ہیں جب کہ ترکہ ﴿54000﴾ روپیہ ہے ہر ایک کا حصہ مسئلہ بنا کر واضح کریں۔

**سوال نمبر : 6** ایک میت کے ورثاء خاوند ، والدہ ، دو اخیافی بہنیں اور دو حقیقی بہنیں ہیں ، کل ترکہ ﴿34000﴾ روپیہ ہے ہر ایک کا حصہ مسئلہ بنا کر واضح کریں۔

**سوال نمبر : 7** (الف) کن کن اصحاب الفروض کو نصف ملتا ہے اور کب ملتا ہے؟

(ب) کن کن اصحاب الفروض کو ثلث ملتا ہے اور کب ملتا ہے؟

(ج) کن کن اصحاب الفروض کو ربع ملتا ہے اور کب ملتا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

سالانہ امتحانات **وفاق المدارس السلفیہ پاکستان** **پرچہ : تاریخ اسلام**

**مرحلہ : العالیة** ﴿برائے طلبہ﴾ **وقت : تین گھنٹے**

**نوٹ** : امیدوار صرف پانچ سوالات حل کریں۔ رول نمبر..................

**سوال نمبر : 1** عمر بن عبدالعزیزؒ کے دور خلافت پر مختصر نوٹ لکھیں۔ نیز مندرجہ ذیل کے جوابات الگ سے لکھیں

(الف) انہوں نے کل کتنا عرصہ حکومت کی؟

(ب) کس اموی خلیفہ نے ان کو ولی عہد مقرر کیا تھا؟ (ج) محمد بن قاسم کو کس اموی خلیفہ نے گرفتار کر کے موت سے ہمکنار کیا تھا؟

**سوال نمبر : 2** حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی مختصر لکھیں۔ نیز مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات الگ سے لکھیں

(الف) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی اس اولاد کے نام لکھیں جو حضور کی شادی سے پہلے شوہروں سے تھیں۔

(ب) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

**سوال نمبر : 3** صرف پانچ اجزاء کے مختصر جواب دیں۔

(۱) قبیلہ قریش کی چار شاخوں کے نام لکھیں (۲) یزید بن معاویہ کب تخت نشین ہوا

(۳) معاویہ ثانی بن یزید خلافت سے کیوں دستبردار ہوا۔

(۴) عمر بن عبدالعزیز کی والدہ اور استاد کے متعلق مختصر لکھیں۔

(۵) کس سال امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خلیفہ مقرر ہوئے۔

(۶) عبدالملک کے دور کے صرف چار کارنامے لکھیں ۔

**سوال نمبر : 4** صرف پانچ اجزاء کے مختصر جواب دیں۔

(۱) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خصوصی مشیروں کے کم از کم تین نام لکھیں۔

(۲) بحری فوج کب، کس نے قائم کی؟ اور اس کا سربراہ کون تھا؟

(۳) تاریخ کی پہلی کتاب کونسی ہے یہ کس نے مرتب کروائی تھی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۴) محمد بن حنفیہ کو کس نے اور کیوں قید کیا تھا؟

(۵) حضرت سعید بن مسیّب کو کس نے اور کیوں کوڑوں سے پٹوایا تھا؟

**سوال نمبر : 5** اموی دور میں کون کون سی شخصیات منصب خلافت پر فائز ہوئیں؟ سب کے نام بالترتیب لکھیں۔

**سوال نمبر : 6** (1) حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا بنت عبدالمطلب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی تھیں۔ ان کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اور کیا رشتہ تھا؟

(2) حضرت صفیہ کے بیٹے کا نام بتائیں۔

(3) حضرت صفیہ کے علاوہ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور کون سی پھوپھی تھیں جو اسلام لائی تھیں؟

(4) جنگ احد کے موقع پر اور حضرت حمزہ کی شہادت پر ان کا کیا ردعمل تھا؟

(5) جنگ احزاب کے موقع پر حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے کیا کارنامہ سرانجام دیا؟

**سوال نمبر : 7** (1) ام ایمن رضی اللہ عنہا اصلاً کہاں کی رہنے والی تھیں؟

(2) یہ کس کی کنیز تھیں ؟

(3) ان کا نکاح کس کے ساتھ ہوا تھا؟

(4) غزوہ احد میں ان کا کیا کردار تھا؟

(5) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد وہ بکثرت روتی تھیں انہوں نے اپنے رونے کا سبب کیا بتایا تھا؟

(6) ھند بنت ابی سفیان کے کسی بیٹے کا نام لکھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

سالانہ امتحانات **وفاق المدارس السلفیہ پاکستان** **پرچہ : تاریخ اسلام**

**مرحلہ : العالیۃ** ﴿برائے طالبات﴾ **وقت : تین گھنٹے**

**نوٹ** : امیدوار صرف پانچ سوالات حل کریں۔ کل نمبر: 100 رول نمبر..................

**سوال نمبر : 1** صحابہ کرام کی طرح صحابیات نے بھی اسلام کی سربلندی کے لئے تکلیفیں برداشت کیں ہیں۔ کم از کم تین صحابیات کی زندگی کے واقعات سے یہ بات ثابت کریں۔

**سوال نمبر : 2** بچوں کی پرورش میں صحابیات کا بہت بڑا کردار ہے، حضرت ام ہانی اور ام سلیم رضی اللہ عنھما کی زندگی کے واقعات سے ثابت کریں۔

**سوال نمبر : 3** صحابیات کی مذہبی، اخلاقی اور علمی خدمات پر نوٹ لکھیں۔

**سوال نمبر : 4** حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی سیرت پر ایک نوٹ لکھیں نیز نبی کریم ﷺ کے ساتھ ان کے نکاح کے واقعہ کو احاطہ تحریر میں لائیں۔

**سوال نمبر : 5** حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنھا کی سیرت کے بارہ میں آپ کیا جانتی ہیں؟ تحریر کریں، نیز علم حدیث اور فقہ میں آپ کے مرتبہ کی وضاحت کریں۔

**سوال نمبر : 6** صحابیات کے سیاسی اور علمی کارناموں پر مختصر نوٹ لکھیں نیز مندرجہ ذیل کے جوابات الگ سے لکھیں۔

(1) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کس خاتون کو بازار کے انتظام کے لئے مقرر کیا تھا؟

(2) کس صحابیہ کے اشعار کا مجموعہ چھپ چکا ہے؟

**سوال نمبر : 7** حضرت حمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی مختصر لکھیں۔ نیز مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات الگ سے لکھیں

(الف) حضرت حمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا کا حضور کے ساتھ کیا رشتہ تھا؟

(ب) ان کے شوہر کے نام لکھیں

(ج) واقعہ افک میں ان سے کیا غلطی سرزد ہوئی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمن الرحيم

# وفاق المدارس السلفية پاکستان

الزمن : 3 ساعات

## امتحان الشهادة العالية في العلوم العربية و الاسلامية

ماڈل پیپر

(پہلا گروپ)

المادة : الاقتصاد/السياسة/طرق التدريس/مطالعه پاکستان

الدرجات ﴿100+100﴾

﴿صرف ان دو مضامین کے سوالات کے جواب دیں جن کی نشاندہی آپ نے داخلہ فارم پر کی ہے ﴾

### الاقتصاد

**ملحوظة :** ۔ صرف پانچ سوال حل کریں۔

**السوال الأول :** معاشی منصوبہ بندی سے کیا مراد ہے؟ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں اس کی اہمیت واضح کریں؟

**السوال الثاني :** بے روزگاری اسکی اقسام اور وجوہات بیان کریں نیز اسے کنٹرول کرنے کے اقدامات بھی تجویز کریں؟

**السوال الثالث :** رکودی افراط زر کی وجوہات بیان کریں نیز اسکا علاج بھی تجویز کریں؟

**السوال الرابع :** غیر ملکی امداد کی مختلف اقسام بیان کریں نیز پاکستان کی معیشت پر رونما ہونے والے برے اثرات کی وضاحت کریں؟

**السوال الخامس :** فرض کیجئے آپ وزیر زراعت ہیں پاکستان کے زرعی شعبہ میں انقلاب کس طرح برپا کریں گے تجاویز دیجئے؟

**السوال السادس :** اشتراک کی معیشت کے مقاصد اور اسکی اہم خصوصیات زیر بحث لائیں؟

### طرق التدريس

**ملحوظة :** ۔ صرف پانچ سوال حل کریں۔

**السوال الأول :** قرآن کی روشنی میں فلسفہ تعلیم کی وضاحت کریں. فلسفہ تعلیم کی استاد کے لیے کیا اہمیت ہے واضح کریں؟

**السوال الثاني :** نصاب کی تعریف کریں نیز نصابی عوامل پر اثر انداز ہونے والے عوامل کی تفصیل بیان کریں؟

**السوال الثالث :** نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں میں فرق بیان کریں اور ہم نصابی سرگرمیوں کی تعلیمی عمل میں اہمیت بیان کریں؟

**السوال الرابع :** اسلامی نظام تعلیم میں مسجد کے کردار پر تفصیلاً بحث کریں؟

**السوال الخامس :** مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں؟

(الف) سکول بطور معاشرتی مرکز (ب) رسول اللہ ﷺ بحیثیت مثالی معلم

**السوال السادس :** شخصیت کی تعریف کریں۔ فرد کی شخصیت پر اثر انداز ہونے والے عوامل پر بحث کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# وفاق المدارس السلفية پاكستان

الزمن : 3 ساعات

## امتحان الشهادة العالية في العلوم العربية و الاسلامية

ماڈل پیپر

### السیاسة

**ملحوظة :** صرف پانچ سوال حل کریں۔

**السوال الأول :** ایک جمہوری ریاست میں عدلیہ کے کردار پر بحث کریں؟

**السوال الثانی :** اسلام کے تصور فلاحی ریاست پر روشنی ڈالیں؟

**السوال الثالث :** 1973ء کے دستور کے تحت پاکستان کی قومی اسمبلی کی تشکیل اور اختیارات پر بحث کریں؟

**السوال الرابع :** ریاست کی تعریف کریں اور اسکے عناصر تفصیلاً بیان کریں؟

**السوال الخامس :** اسلامی قانون کے ماخذ بیان کریں؟

**السوال السادس :** علم سیاست کی تعریف کریں اور اسکی افادیت بیان کریں؟

### مطالعہ پاکستان

**ملحوظة :** صرف پانچ سوال حل کریں۔

**السوال الأول :** مسلمانوں کے لیے سرسید احمد خان کی تعلیمی خدمات بیان کیجئے؟

**السوال الثانی :** برصغیر میں مسلمانوں کی سیاسی بیداری کے اسباب کیا تھے؟

**السوال الثالث :** مسلمان ممالک کے لیے پاکستان کی اہمیت پر ایک جامع نوٹ لکھیں؟

**السوال الرابع :** قائداعظم کی خدمات بحیثیت بانی پاکستان پر روشنی ڈالیں؟

**السوال الخامس :** پاکستان کے قدرتی وسائل کی اہمیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں تفصیل سے لکھیں؟

**السوال السادس :** پاکستان میں نفاذ اسلام کی کوششوں پر نوٹ لکھیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وفاق المدارس السلفية پاکستان

الزمن : 3 ساعات

امتحان الشهادة العالية فی العلوم العربية و الاسلامية

ماڈل پیپر

(دوسرا گروپ)

المادة : الاقتصاد/السیاسة/طرق التدریس/مطالعہ پاکستان/انگلش الدرجات «100+100»

﴿صرف اس مضمون کے سوالات کے جواب دیں جس مضمون کی نشاندہی آپ نے داخلہ فارم میں کی ہے﴾

## الاقتصاد

ملحوظة : صرف پانچ سوال حل کریں۔

السوال الأول : مختتم میلان صرف اور مختتم میلان بحث کے تصورات کی وضاحت کیجئے۔ نیز تفاعل صرف کو متاثر کرنے والے عوامل کی تشریح کریں؟

السوال الثانی : پاکستان میں انسانی وسائل کی ترقی کی اہمیت بیان کریں۔ پاکستان میں افرادی قوت کو کس طرح زیادہ مؤثر بنایا جاسکتا ہے وضاحت کریں؟

السوال الثالث: مندرجہ ذیل تفاعل کی مدد سے مختتم حاصل MR معلوم کریں اور Q=4 پر قیمت بھی معلوم کریں Q=36-2P؟

السوال الرابع: ترقی پذیر ملک کے مفہوم کو واضح کریں نیز ترقی پذیر ممالک کی خصوصیات بیان کریں؟

السوال الخامس : توازن ادائیگی سے کیا مراد ہے کسی ملک کے ناموافق توازن ادائیگی میں کس طرح بہتری لائی جاسکتی ہے وضاحت کریں؟

السوال السادس : توازن تجارت اور توازن ادائیگی میں فرق کی وضاحت کریں؟

## طرق التدریس

ملحوظة : صرف پانچ سوال حل کریں۔

السوال الاول : مسلم مفکرین کی نظر میں تعلیم کا مفہوم بیان کریں نیز تعلیم کی ضرورت واہمیت بھی بیان کریں؟

السوال الثانی : برصغیر میں نظام تعلیم کا مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت جائزہ لیں؟

(1)تعلیمی مقاصد(2)نصاب تعلیم(3)طریقہ تدریس (4)نظم و نسق

السوال الثالث : ان عوامل کی وضاحت کیجئے جو بچے کی معاشرتی اور جذباتی نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہیں؟

السوال الرابع : تعلیم کا مفہوم اپنے الفاظ میں بیان کریں نیز جان ڈیوی کے نظریہ تعلیم پر بحث کریں؟

السوال الخامس : تعلیم کی بنیادی عناصر کی ایک فہرست مرتب کریں اور انکی وضاحت کریں؟

السوال السادس : اسلام میں معلم کی کیا اہمیت ہے۔ حضور ﷺ کی تدریسی حکمت عملی پر تفصیلی نوٹ لکھیں؟

## السیاسة

ملحوظة : صرف پانچ سوال حل کریں۔

السوال الأول : رائے عامہ کی تعریف کریں نیز اسکی پیمائش کے مختلف طریقے بیان کریں؟

السوال الثانی : امریکہ کی کانگریس کے اختیارات کا جائزہ لیں؟

السوال الثالث : 1973 کے آئین کے تحت پاکستان کے صدر کی حیثیت کا جائزہ لیجئے؟

السوال الرابع : جمہوریت کی کامیابی کے لیے لازمی شرائط بیان کریں؟

السوال الخامس : پارلیمانی نظام حکومت کی خوبیاں اور خامیاں بیان کریں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم الله الرحمن الرحيم

# وفاق المدارس السلفية پاكستان

الزمن : 3 ساعات

## امتحان الشهادة العالية في العلوم العربية و الاسلامية

ماڈل پیپر

## مطالعہ پاکستان

**ملحوظة :** صرف پانچ سوال حل کریں۔

**السوال الأول :** شیخ احمد سرہندی (مجددالف ثانی) کی خدمات پر ایک جامع نوٹ لکھیں؟

**السوال الثاني :** میثاق لکھنو 1916 کی اہمیت واضح کریں؟

**السوال الثالث :** قیام پاکستان کے فوراً بعد پاکستان کو درپیش مشکلات بیان کیجئے؟

**السوال الرابع :** قائداعظم کے ارشادات کی روشنی میں نظریہ پاکستان کی وضاحت کیجئے؟

**السوال الخامس :** 1973 کے آئین کی اسلامی دفعات پر ایک مفصل نوٹ تحریر کریں؟

**السوال السادس :** پاکستان میں زراعت کی اہمیت پر نوٹ لکھیں؟

## ENGLISH

**ملحوظة :** ۔ صرف پانچ سوال حل کریں۔

**Q.NO.1 :** Use any five of the following phrases in sentences?

(i)Bear out (ii)Set up for (iii)Rule out(iv)Sit back(v)Buy off(vi)Lame duck(vii)At a stretch(viii)Run out

**Q.NO.2 :** Write an Essay with outline of 300-350 words on one of the following topics?

(i)The power of Electronic media(ii)Village life

**Q.NO.3 :** Write a letter to the Editor of a newspaper about the lack of medical facilities in Government hospitals?

**Q.NO.4 :** Write an application to the director of education for the post of an english teacher?

**Q.NO.5 :** Write a dialogue between the Manager and the customer about the stale food items of the bakery?

**Q.NO.6 :** Translate the following into English.

ہم پاکستانی نوجوان ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ محنت کریں اور پوری دیانت داری سے اپنا کام کریں۔ اپنے وطن اور اہل وطن کے لیے ایسا کام کریں کہ جو کوئی ہمیں دیکھے ہماری تعریف کرے۔ وقت آنے پر ہم اپنے وطن کی خاطر اپنی زندگی کی بازی لگانے کے لیے تیار ہو جائیں اور دشمن کے ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیں۔ اس طرح دنیا پر ثابت کر دیں کے پاکستان کے باشندے ایک زندہ قوم ہیں اور وطن عزیز کی خاطر بڑی سے بڑی قربانی دینے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

توجہ فرمائیں امتحان کی تیاری منتخب مباحث سے کریں۔

غیر مطلوب مباحث یا دروس زیر مطالعہ ضرور رکھیں لیکن امتحانی تیاری صرف منتخب مباحث یا دروس سے کریں

## مباحث فی علوم القرآن کے ابواب کا انتخاب

1-التعریف بالعلم وبیان نشاته وتطوره

2-القرآن 3-الوحی

4-المکی والمدنی

5-معرفة اول مانزل وآخر مانزل

6-اسباب النزول 7-نزول القرآن

8-جمع القرآن وترتیبه

9-نزول القرآن علی سبعة احرف

10-القراءات والقراء

11-القواعد التی یحتاج الیها المفسر

12-الفرق بین المحکم والمتشابه

13-العام والخاص

14-الناسخ والمنسوخ

15-المطلق والمقید

16-المنطوق والمفهوم

17-اعجاز القرآن 18-امثال القرآن

19-اقسام القرآن 20-جدل القرآن

21-ترجمة القرآن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

# امتحانات میں داخلہ کا شیڈول

## رجسٹریشن برائے امتحانات

سالانہ یا ضمنی امتحان میں شرکت کے لئے ضروری ہے کہ جامعہ/ مدرسہ کی انتظامیہ اپنے طلبہ/ طالبات کے رجسٹریشن فارم یکم محرم تک دفتر وفاق میں جمع کروا دیں۔

جامعات و مدارس کے ناظمین طلبہ/ طالبات کی درجہ وار تعداد لکھ کر رجسٹریشن فارم طلب فرمائیں اور مقررہ تاریخ سے قبل رجسٹریشن فارم پُر کروا کر دفتر وفاق میں جمع کروا دیں۔

**ثانویہ خاصہ' عالیہ اور عالمیہ** کے رجسٹریشن فارم کے ساتھ گذشتہ امتحان کی سند کی فوٹو کاپی بھی منسلک کی جائے۔ نیز الحاق سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی بھی ان فارموں کے ساتھ ضرور منسلک کریں۔

## سالانہ امتحانات:

### وفاق المدارس السلفیہ پاکستان

کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے سالانہ امتحانات ماہ شعبان میں ہوں گے۔

سالانہ امتحانات کے لئے داخلہ فارم 15 ربیع الثانی تک وصول کئے جائیں گے۔

اور ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم 29 ربیع الثانی تک وصول کئے جائیں گے۔

## ضمنی امتحانات

### وفاق المدارس السلفیہ پاکستان

کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے ضمنی امتحانات ماہ محرم میں ہوں گے۔

ضمنی امتحانات کے لئے داخلہ فارم یکم ذوالقعدہ تک وصول کئے جائیں گے۔

اور ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم 08 ذوالقعدہ تک وصول کئے جائیں گے

جامعات و مدارس کے ناظمین مقررہ تاریخ سے قبل طلبہ/ طالبات کے داخلہ فارم پُر کروا کر دفتر وفاق میں جمع کروا دیں۔

**بینک کے ذریعہ فیس بھیجنے کیلئے**

**اکاؤنٹ نمبر 1613-00104473-03 حبیب بینک لمیٹڈ حاجی آباد برانچ فیصل آباد**